(xv) ”خوب سے خوب تر“ کے فقرے سے کیا معنی مراد لیے گئے ہیں ؟

(A) نئی نئی منزلوں کی تلاش (B) اچھے سے اچھا

(C) خراب سے اچھا (D) ان میں سے کوئی نہیں

(xvi) کلام میں ایسے الفاظ استعمال کرنا جو معنی کے اعتبار سے ایک دوسرے کی ضد ہوں کیا کہلاتا ہے ؟

(A) استعارہ (B) صنعتِ تضاد

(C) مکر شاعرانہ (D) تلمیح

(xvii) 'کجا' کے معنی کیا ہیں ؟

(A) کب (B) کہاں

(C) کیوں (D) کیا

(xviii) اجتماعِ ضدین کسے کہتے ہیں ؟

(A) دو متضاد الفاظ یا اشخاص کو جمع کر دینے کو

(B) ایک جیسی اشیا یا الفاظ کو جمع کر دینے کو

(C) ہم معنی الفاظ کو یکجا کر دینے کو

(D) ان میں سے کوئی نہیں۔

(xix) کمپیوٹر کے مختلف اردو پروگراموں میں استعمال میں آنے والا رسم الخط کہلاتا ہے...

(A) نوری نستعلیق (B) خط کوفی

(C) خط غبار (D) نستعلیق

(xx) تجرباتی طور پر دہلی میں ٹیلی ویژن نشریات کا آغاز کب ہوا ؟

(A) 15 ستمبر 1959ء کو (B) 15 ستمبر 1969ء کو

(C) 15 ستمبر 1859ء کو (D) 15 ستمبر 1949ء کو



UNNATI EDUCATIONS
9899436384, 9654279279

(ix) 'ارے یہ کیا' میں علامت (!) کو کیا کہتے ہیں؟

(A) ندائیہ نشان (B) فجائیہ نشان

(C) استعجابیہ نشان (D) سوالیہ نشان

(x) 'ایک آدھ اخبار' کا مطلب ہے ...

(A) ایک اخبار (B) آدھا اخبار

(C) کچھ اخبار (D) ڈیڑھ اخبار

(xi) 'رتی بھر بھی بُرا نہیں لگ رہا' کے معنی ہیں...

(A) ذرا بھی برا نہ لگنا (B) برا لگنا

(C) ذرا ذرا سا بُرا لگنا (D) بہت برا لگنا

(xii) بار بار اس کے در پہ جاتا ہوں

حالت اب اضطراب کی سی ہے

اس شعر میں شاعر کس کی حالت کا ذکر کر رہا ہے؟

(A) محبوب کی (B) عاشق کی

(C) رقیب کی (D) ناصح کی

(xiii) مترادفات سے کیا مراد ہے؟

(A) دو لفظ ہوں مگر معنی کے اعتبار سے تقریباً ایک ہوں

(B) دو لفظ ہوں مگر معنی کے اعتبار سے ایک دوسرے کی ضد ہوں

(C) دو لفظ ہوں اور دونوں ایک سے زیادہ معنی رکھتے ہوں

(D) ان میں سے کوئی نہیں۔

(xiv) میرؔ ان نیم باز آنکھوں میں

ساری مستی شراب کی سی ہے

یہ شعر مثال ہے .....

(A) مطلع کی (B) حسنِ مطلع کی

(C) مقطع کی (D) ان میں سے کوئی نہیں



UNNATI EDUCATIONS
9899436384, 9654279279

(iii) گاؤں میں غیر معمولی چہل پہل کیوں تھی ؟

(A) کسی کی شادی تھی

(B) گاؤں میں کوئی بڑا واقعہ ہوا تھا۔

(C) شہر سے کچھ لیڈر آئے ہوئے تھے۔

(D) لوگ عید منانے کی تیاری کر رہے تھے۔

(iv) حضرت امام حسین کی گردن اپنے خنجر سے کس نے کاٹی ؟

(A) سنان بن انس

(B) شمر

(C) یزید

(D) جعفر

(v) 'چاندنی رات کا منظر' ذیل میں سے کیا ہے؟

(A) مرثیہ

(B) غزل

(C) نظم

(D) مثنوی کا انتخاب

(vi) شاعر نے کس جگہ کی آب وہوا کا ذکر کیا ہے کہ جہاں جانے سے برسوں کے بیمار کو صحت مل جاتی ہے؟

(A) شملہ

(B) کشمیر

(C) نینی تال

(D) مسوری

(vii) 'تمناؤں میں الجھایا گیا ہوں' سے مراد ہے...

(A) دنیا کی آرزوؤں میں الجھ کر رہ گیا ہوں۔

(B) اس جہاں کی رونقیں دیکھنے کے قابل ہیں۔

(C) انسان کی زندگی کا مقصد عیش کرنا ہے۔

(D) ان میں سے کوئی نہیں۔

(viii) مصرعہ مکمل کیجیے۔

کہاں سے کس.............. لایا گیا ہوں

(A) مقام

(B) جگہ

(C) لیے

(D) طرح



UNNATI EDUCATIONS
9899436384, 9654279279

.10 حالؔی نے اپنی غزل میں عشق سے متعلق کیا کیا باتیں کہی ہیں ؟ 3

.11 صالحہ عابد حسین کی افسانہ نگاری پر مختصر نوٹ لکھیے۔ 4

یا (OR)

احتشام حسین کے اسلوب پر تبصرہ کیجیے۔

.12 قوم کے نوجوانوں کو سر سید نے کیا پیغام دیا۔ 3

.13 کہانی عقل کے دشمن میں کیا نصیحت ملتی ہے ؟ 3

.14 'عیدگاہ' کی روشنی میں حامد کے کردار پر تبصرہ کیجیے۔ 3

.15 اردو کی معکوسی آوازیں کون کون سی ہیں ؟ 3

.16 محاورہ کسے کہتے ہیں ؟ مثال کے طور پر دو محاورے بھی لکھیے۔ 3

.17 مرثیہ کے اجزائے ترکیبی لکھیے۔ 3

.18 تکرارِ لفظی کی وضاحت کیجیے۔ 3

.19 ذیل میں ہر سوال کے چار جواب دیے گئے ہیں۔ درست جواب چن کر اپنی کاپی میں لکھیے : 20

(i) ہندوستان کی مشترکہ تہذیب کتنے سال پرانی ہے ؟

(A) چار ہزار سال (B) پانچ ہزار سال

(C) دس ہزار سال (D) پندرہ ہزار سال

(ii) شام کو پبلک جلسہ کس موضوع پر تھا ؟

(A) عورتوں کے فرائض پر (B) عورتوں کے حقوق پر

(C) عورتوں کی رہنمائی پر (D) عورتوں کی ذمہ داریوں پر



UNNATI EDUCATIONS
9899436384, 9654279279

4 ڈرامہ کی تعریف لکھیے اور بتائیے کہ افسانے کے مقابلے میں ڈرامہ حقیقت سے قریب تر کیوں ہوتا ہے ؟ .4

یا (OR)

افسانہ کی تعریف اور اس کے دو اجزائے ترکیبی کے نام لکھیے۔

10 درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر کم از کم 300 الفاظ پر مشتمل ایک مضمون لکھیے۔ .5

(i) سارے جہاں سے اچھا ہندوستان ہمارا

(ii) میری زندگی کا یادگار واقعہ

(iii) کسی تاریخی مقام کی سیر

(iv) مہاتما گاندھی

(v) میرے سپنوں کا بھارت

یا (OR)

8 اپنی موجودہ تعلیمی سرگرمیوں کے بارے میں بتانے کے لیے اپنے والد محترم کو ایک خط لکھیے۔ .6

یا (OR)

صفائی کا نظام بہتر کرانے کے لیے سینٹری انسپکٹر کو ایک درخواست لکھیے۔

5 کمپیوٹر کیا ہے ؟ کمپیوٹر ان دنوں روزگار حاصل کرنے میں کیسے مددگار ثابت ہو رہا ہے ؟ .7

یا (OR)

ماس میڈیا کیا ہے ؟ اس کے اہم ذرائع کون کون سے ہیں ؟

4 میر تقی میرؔ کی شاعری کی خصوصیات لکھیے۔ .8

یا (OR)

غالبؔ کی شاعری کی خصوصیات لکھیے۔

3 'گھٹاؤں کے ہُن برسانے' سے کیا مراد ہے۔ اپنے الفاظ میں لکھیے۔ .9



UNNATI EDUCATIONS
9899436384, 9654279279

بہار آجاتی ہے۔ چھوٹی چھوٹی محبتیں بھی ختم ہوجاتی ہیں لیکن زندگی کی بڑی عظیم ہے سچی محبت ہمیشہ قائم رہتی ہے۔تم دونوں پچھلی بہار میں نہ تھے۔ یہ بہار تم نے دیکھی، اس سے اگلی بہار میں تم نہ ہوں گے لیکن زندگی بھی ہوگی اور محبت بھی ہوگی اور خوبصورتی اور رعنائی اور معصومیت بھی...''

(i) یہ عبارت کس سبق سے لی گئی ہے اور اس کا مصنف کون ہے؟

(ii) کس نے کس کو اٹھالیا ؟

(iii) کس کی پتلیوں میں چاند چمک رہا تھا۔

(iv) اس عبارت میں انسان اور زندگی کے بارے میں کیا کہا گیا ہے؟

**یا (OR)**

''بھائی ! برسات کا حال تمہیں بھی معلوم ہے اور یہ بھی تم جانتے ہو کہ میرا مکان گھر کا نہیں ہے۔ کرایے کی حویلی میں رہتا ہوں۔ جولائی سے مینہ شروع ہوا۔شہر میں سینکڑوں مکان گرے اور مینہ کی نئی صورت دن رات میں دو چار بار برسے اور ہر بار اس زور سے کہ ندی نالے بہہ نکلیں۔ بالاخانے کا جو دالان میرے بیٹھنے اٹھنے، سونے جاگنے، جینے مرنے کا محل ہے، اگرچہ گرا نہیں، لیکن چھت چھلنی ہوگئی ہے۔ کہیں لگن، کہیں چلمچی، کہیں اگالدان رکھ دیا۔قلم دان کتابیں اٹھا کر توشے خانے کی کوٹھری میں رکھ دیے۔ مالک مرمت کی طرف متوجہ نہیں، کشتیٔ نوح میں تین مہینے رہنے کا اتفاق ہوا۔ اب نجات ہوئی ہے۔''

(i) اس عبارت کے سبق اور اس کے مصنف کا نام لکھیے۔

(ii) بالاخانے کا دالان کس کس کام آتا تھا ؟

(iii) مصنف نے اپنے گھر کو کشتیٔ نوح کیوں کہا ہے؟

(iv) مینہ برسنے کی نئی صورت کیا ہے؟

3. غزل کی تعریف لکھیے اور دو غزل گو شعراء کے نام بھی لکھیے۔ 4

**یا (OR)**

نظم کی تعریف لکھیے اور دو نظم گو شعراء کے نام بھی لکھیے۔



UNNATI EDUCATIONS
9899436384, 9654279279

# URDU

# ( اردو )

## (206)

وقت : 3 گھنٹے ] [ کل مارکس : 100

**.1** مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے : **6**

ہوں اس کوچے کے ہر ذرّے سے آگاہ
اِدھر سے مدتوں آیا گیا ہوں
گھر کی تعمیر تصور ہی ہوسکتی ہے
اپنے نقشے کے مطابق یہ زمیں کچھ کم ہے

یا **(OR)**

درج ذیل شعری اقتباس کی تشریح کیجیے۔نظم اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔

بیٹھے ہے آدمی ہی دُکانیں لگا لگا
کہتا ہے کوئی لو، کوئی کہتا ہے لا رے لا
اور آدمی ہی پھرتے ہیں رکھ سر پہ خوانچا
کس کس طرح سے بیچے ہیں چیزیں بنا بنا
اور مول لے رہا ہے سو ہے وہ بھی آدمی

**.2** مندرجہ ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے : **8**

”ہم دونوں چپ ہوگئے۔ بچے کھیلتے کھیلتے ہمارے پاس واپس آئے۔ اس نے میری پوتی کو اٹھالیا۔ میں نے اس کے پوتے کو، اس نے میری پوتی کو چوما، میں نے اس کے پوتے کو اور ہم دونوں خوشی سے ایک دوسرے کو دیکھنے لگے۔ اس کی پتلیوں میں چاند چمک رہا تھا اور وہ چاند حیرت سے اور مسرت سے کہہ رہا تھا، انسان مرجاتے ہیں لیکن زندگی نہیں مرتی۔ بہار ختم ہوجاتی ہے، لیکن پھر دوسری



UNNATI EDUCATIONS
9899436384, 9654279279

اس سوال نامے میں 19 سوالات ہیں اور 8 صفحے ہیں۔

Code No. 60/S/A/U

یہاں رول نمبر ہندسوں میں لکھئے۔ | | | | | | | | | | | | |

Set-A

# URDU

# ( اردو )

# (206)

رول نمبر الفاظ میں لکھئے ..................................................

امتحان کی تاریخ اور دن ..................................................

نگراں امتحاں کے دستخط 1. ..................................................

2. ..................................................

---

1 طالب علم اپنے سوال نامے کے پہلے صفحہ پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

2 مہربانی کرکے اپنے سوال نامے کو جانچ لیں کہ تمام صفحات اور سوالات کی اتنی ہی تعداد ہے جتنی کہ پہلے صفحے کے سب سے اوپر چھپی ہے۔ اس بات کی بھی جانچ کر لیں کہ سوالات سیریز میں ہیں۔

3 طالب علم کو A,B,C اور D میں سے کوئی ایک جواب منتخب کرنا ہے اور الگ سے دیئے گئے جواب نامے میں صحیح جواب لکھنا ہے۔

4 معروضی سوالات کے ساتھ ساتھ سبھی سوالات کے جواب دیئے گئے وقت کے اندر دینے ہیں۔ معروضی سوالات کے لیے الگ سے وقت نہیں دیا جائے گا۔

5 طالب علم جواب کی کاپی میں رول نمبر کے علاوہ اگر کوئی پہچان کا نشان یا اور کوئی ہدایت لکھتا ہے تو اُسے امتحان سے خارج کردیا جائے گا۔

6 اپنی جواب کی کاپی پر سوال نامے کے کوڈ نمبر 60/S/A/U-A کو لکھیے۔



UNNATI EDUCATIONS
9899436384, 9654279279